58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 12 | صفحات : 08 | ۱۲ جنوری ۲۰۲۶ بروز سوموار بمطابق ۲۲ رجب ۱۴۴۷ | Monday 12th January 2026 | جلد نمبر 58



### پنت ونڈے سیریز سے باہر

ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے اسٹار وکٹ کیپر بلے باز رشبھ پنت انجری کے باعث نیوزی لینڈ کے خلاف تین میچوں کی ونڈے سیریز سے باہر ہو گئے ہیں۔ (تفصیلات اندر)



### سنگا کارا کو پیچھے چھوڑ کر نیا سنگ میل عبور کیا

نیا سال آیا ہے مگر بھارتی کرکٹ ہر میچ میں وہی ویرات کوہلی دکھا رہی ہے کیونکہ اسٹار کھلاڑی نے اپنے شاندار کیریئر میں ایک اور سنگ میل عبور کر لیا۔ (تفصیلات اندر)




## جموں و کشمیر سرکار کی کابینہ میں توسیع؟

## کسی بھی وقت متوقع/منسٹر جاوید

سرینگر/ کے این ایس/ جل شکتی، جنگلات، ماحولیات اور ماحولیات کے وزیر جاوید رانا نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی قیادت کسی بھی وقت کابینہ کی توسیع کے بارے میں فیصلہ لے سکتی ہے۔ وزیر رانا نے کہا کہ صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت میں کسی بھی وقت کابینہ میں توسیع کا فیصلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ریاست کے وزرائے اعلیٰ کسی بھی وقت اس طرح کے فیصلے لے سکتے ہیں اور اسی طرح مرکز کے زیر انتظام جموں و کشمیر میں بھی/2




## ذہنوں کو سنوار کر ہم بھارت کے روشن مستقبل کو نکھار سکتے ہیں/LG

## بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی کی 9 ویں ایگزیکٹو کونسل میٹنگ کی صدارت کی



جموں/ لیفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے لوک بھون میں بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی (بی جی ایس بی یو) راجوری کی 9 ویں ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں وائس چانسلر بی جی ایس بی یو، وائس چانسلر جموں یونیورسٹی، وائس چانسلر کشمیر یونیورسٹی، لفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سکریٹری، سکریٹری ہائیر ایجوکیشن، ڈپٹی کمشنر راجوری اور رجسٹرار بی جی ایس بی یو، سابق وائس چانسلر کلسٹر یونیورسٹی جموں، ڈین (ریسرچ) اور پروفیسر آف پیڈیاٹرکس ہیری ٹیج انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز وارانسی اور دیگر اراکین نے شرکت کی۔ ایگزیکٹو کونسل نے تعلیمی اور انتظامی نوعیت کے متعدد اہم امور پر تبادلہ خیال کیا اور اجلاس میں پیش کئے گئے مختلف ایجنڈا پوائنٹس کو اصولی طور پر منظوری دی۔ لفٹیننٹ گورنر نے یونیورسٹی کو ہدایت دی کہ وہ اپنے/1

## کیرالہ میں صورت حال بظاہر پُرسکون مگر

## ریاست میں پوشیدہ خطرات/ امیت شاہ

سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے اتوار کو کیرالہ میں قانون و نظم کی موجودہ صورتِ حال کو بظاہر پُرسکون قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ ریاست میں ایسے کئی پوشیدہ خطرات جنم لے رہے ہیں جو مستقبل میں سنگین رخ اختیار کر سکتے ہیں۔ یہاں 'کیرلہ کومدی' کے زیرِ اہتمام ایک کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بعض تنظیموں کے کردار پر براہِ راست سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ وہ عناصر جو بقائے باہمی پر یقین ہی نہیں رکھتے، وہ اتحاد اور امن کی ضمانت کیسے دے سکتے ہیں۔ امیت شاہ نے حاضرین سے مخاطب ہو کر پوچھا کہ آیا پاپولر فرنٹ آف انڈیا (پی ایف آئی)، جماعتِ اسلامی یا سیاسی جماعت ایس ڈی پی آئی جیسی تنظیمیں واقعی کیرالہ کی سلامتی کو یقینی بنا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ریاست کے امن کے لیے ایسے عوامل کی بروقت نشاندہی کرے اور انہیں ختم کرنے کی جانب عملی اقدامات اٹھائے۔ پی ایف آئی پر پابندی کا حوالہ دیتے ہوئے وزیرِ داخلہ نے/3

## دستکار وادی کشمیر کے لازول ورثے کے زندہ سفیر ہیں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ



سرینگر/ وزیر اعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ نے ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم ڈیپارٹمنٹ کا کلینڈر 2026 جاری کیا۔ کلینڈر کی رونمائی کی تقریب کے دوران وزیر اعلیٰ نے کہا ''یہ کلینڈر کاریگروں کا ایک نغمہ ہے جو کشمیر کی روح کو بُنتے، تراشتے اور رنگ بھرتے ہیں۔'' انہوں نے کہا کہ کاریگروں کے ہاتھ صدیوں پرانی روایات کو آگے لے جاتے ہیں اور خام مال کو ایسی شاہکاروں میں تبدیل کرتے ہیں جو وادی کے جذبے، استقامت اور بھرپور ثقافتی ورثے کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا ''ہمارے کاریگر محض فن کے خالق نہیں وہ کشمیر کے لازوال ورثے کے زندہ سفیر ہیں۔'' وزیر اعلیٰ کے مشیر مسٹر ناصر اسلم/4

## رام مندر میں نماز ادا کرنے کی ''کوشش''

## کشمیری شخص حراست کے بعد اہل خانہ کے حوالہ

سرینگر/ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق جموں و کشمیر کے شوپیاں ضلع کے رہنے والے احمد شیخ کو ہفتہ کو اس وقت حراست میں لیا گیا جب سیکورٹی اہلکاروں نے اسے مبینہ طور پر مندر کے احاطے میں نماز پڑھنے کی تیاری کرتے ہوئے دیکھا۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (سٹی) چکر پانی ترپاٹھی نے بتایا کہ شیخ کا خاندان ہفتہ کی شام ایودھیا پہنچا اور پولیس کو مطلع کیا کہ وہ ذہنی بیماری میں مبتلا ہے۔ پولیس افسر نے بتایا کہ انہوں نے اپنے دعوے کی حمایت میں طبی دستاویزات بھی جمع کرائیں، جس کے بعد اسے ان کے حوالے کر دیا گیا۔

## ویلیج ڈیفنس گارڈ کے بندوق سے نکلی گولی سے 16 سالہ بیٹے کی موت، کشتواڑ میں واقعہ

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق کشتواڑ کے مضافاتی علاقے لیتال میں اُس وقت سنسنی اور خوف و دہشت کا ماحول پھیل گیا جب ویلیج ڈیفنس گارڈ پیارے لعل سروس رائفل کی صفائی کر رہا تھا کہ اس دوران اُس کے بندوق سے گولی نکلی جو اُس کے 16 سالہ بیٹے کے جسم میں پیوست ہو گئی۔ جسم سے کافی خون بہہ جانے کی وجہ سے اُس کی موقعے پر ہی موت واقعہ ہوئی پولیس نے ویلیج ڈیفنس گارڈ کی گرفتاری عمل میں لا کر لواحقین اور آس پاس رہنے والے لوگوں سے اس بارے میں پوچھ تاچھ شروع کر دی۔ پولیس نے رائفل کو اپنی تحویل میں لیکر اُسے ٹیسٹ کیلئے فارنسک لیباریٹری روانہ کر دیا۔



